**Shabbir / Tausif**

**28-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج راجستھان کے شہر اجمیر سے، 14 سال تک کی عمر کی لڑکیوں کیلئے، ملک گیر HPV ویکسینیشن پروگرام کا آغاز کریں گے۔

2- وزیرِاعظم آج دوپہر گجرات میں سانند کے مقام پر مائیکرون ٹیکنالوجی کی سیمی کنڈکٹر اسمبلنگ، جانچ اور پیکیجنگ فیکٹری کا بھی افتتاح کریں گے۔

3- CBI نے دلی شراب پالیسی کیس میں، عام آدمی پارٹی کے رہنماؤں اروند کیجریوال، منیش سسودیا اور دیگر کے، بری کیے جانے کو چیلنج کرتے ہوئے دلی ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے۔

4- انتخابی کمیشن، سپریم کورٹ کے حکم کے بعد آج مغربی بنگال کی نامکمل حتمی ووٹر فہرست جاری کرے گا۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، ایندھن پر بندش کے دوران کیوبا کا، دوستانہ انداز میں کنٹرول حاصل کرنے کی تجویز رکھی ہے۔

6- اور : کرکٹ میں کولمبو میں ICC مردوں کے ٹی۔ٹوئنٹی عالمی کپ کے Super 8 میچ میں انگلینڈ نے نیو زیلینڈ کو چار وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Gujrat Visit

وزیرِاعظم نریندر مودی آج راجستھان کے اجمیر شہر میں 14 سال تک کی عمر کی لڑکیوں کیلئے، ملک گیر ہیومن Papilloma وائرس، HVP ویکسینیشن پروگرام کا آغاز کریں گے۔ یہ ملک گیر مہم، ملک کے صحت عامہ کے سفر میں ایک فیصلہ کُن قدم ہے اور اِس سے سُوستھ ناری کے ویژن کو آگے بڑھانے، اِس بیماری کی روک تھام کو یقینی بنانے اور خواتین کے حفظانِ صحت میں برابری لانے کا حکومت کا عزم پورا ہوتا ہے۔

اِس پروگرام کے تحت سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں ہر سال 14 سال کی عمر کی تقریباً ایک

کروڑ 15 لاکھ لڑکیوں کو ویکسین دیا جائے گا۔ یہ ویکسین نامزد سرکاری صحت مرکزوں پر مفت فراہم کیا جائے گا۔ یہ ویکسینیشن رضاکارانہ ہوگا اور بتاکر دیا جائے گا۔ نیز والدین یا سرپرستوں کی رضامندی سے دیا جائے گا۔

اِس کے علاوہ وزیراعظم مودی، آج راجستھان کے شہر اجمیر میں 16 ہزار 680 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز اور افتتاح کریں گے، نیز سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِن پروجیکٹس میں کئی شعبے شامل ہیں جن میں شہری ترقی، پینے کے پانی کی سپلائی، سڑکیں، سینچائی، توانائی اور صنعتی بنیادی ڈھانچے بھی ہیں۔

وزیراعظم اس موقعے پر ایک عوامی جلسے سے خطاب بھی کریں گے۔x

## IMA Letter

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن، IMA نے بھارت بھر میں 14 سال عمر کی بالغ لڑکیوں کو مفت HPV ٹیکہ دینے کے مرکزی حکومت کے فیصلے کی ستائش کی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے لکھے خط میں IMA نے کہا ہے کہ یہ قدم، بچہ دانی کے کینسر کی روک تھام میں مدد کرے گا اور بھارت میں لاکھوں خواتین کی زندگیوں اور صحت کی حفاظت کرے گا۔ خط میں مزید کہا گیا ہے کہ ملک بھر میں اپنی 18 سو سے زیادہ مقامی شاخوں کے ساتھ IMA، نیک نیتی پر مبنی اِس قومی مشن کی مکمل حمایت کرتی ہے۔x

## PM Gujrat Visit

وزیراعظم نریندر مودی آج دوپہر گجرات کا دورہ کریں گے۔ وہ سانند میں، مائیکرون ٹیکنالوجی کی جدید ترین سیمی کنڈکٹر اسمبلنگ، جانچ اور پیکیجنگ کے مرکز کا افتتاح کریں گے۔ یہ اہم تقریب، پہلے میک ان انڈیا سیمی کنڈکٹر Memory Modules کو، باقاعدہ طریقے سے، کمرشل طورپر تیار کرنے کے سلسلے میں منعقد کی جا رہی ہے۔

الیکٹرونکس اور آئی ٹی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو بھی اس موقعے پر موجود ہوں گے۔

ایک رپورٹ:

V/C Aparna Khunt

آج مائیکرون کی سانند فیکٹری کا افتتاح، بھارت کی ٹیکنالوجی کے ایکو نظام میں ایک بڑی پیشرفت ہے۔ اِس مرکز پر 22 ہزار 500 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئی ہے اور یہ پروجیکٹ، انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن کے تحت منظور شدہ پہلی تجویز پر مبنی ہے۔ یہ پروجیکٹ ستمبر 2023 میں شروع کیا گیا تھا جو اب جدید ترین DRAM اور NAND ویفرس کو، ملک بھر کی مارکیٹس کے لئے تیار مصنوعات کے مرحلے میں لانے کے لئے تیار ہے۔ اِس فیکٹری کی خاصیت یہ ہے کہ یہ تقریباً پانچ لاکھ مربع فٹ کے رقبے والے کلین روم پر مشتمل ہے، جو دنیا بھر میں، اونچی زمین والا، دنیا کا سب سے بڑا کلین روم ہے۔

ملک ہی میں تیار کیے گئے پہلے Memory Modules کو تجارتی طور پر مارکیٹس میں بھیج کر بھارت، سیمی کنڈکٹر شعبے میں خود کفالت کی جانب ایک فیصلہ کُن قدم اٹھا رہا ہے۔
احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .....

VP Keralam Visit'

نائب صدر سی پی رادھاکرشنن، آج سے کیرالم کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ دورے کے پہلے دن نائب صدر، Changanassery کے St. Berchmans کالج کی صد سالہ تقریبات کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ جناب رادھاکرشنن کل Thrissur کے Devamatha CMI پبلک اسکول میں Chetana Gaanaashram کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِس کے علاوہ نائب صدر، تھیروانتۃ پورم میں St. Stephens ہائی اسکول کی صدر سالہ تقریبات میں شرکت بھی کریں گے۔x

HM Meeting Bihar

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے، بہار کی بھارت-نیپال سرحد کے نزدیک ضلعوں سے متعلق، سیکیورٹی کے معاملات کا جائزہ لینے کے لئے کل اعلیٰ سطح کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ ذرائع کے مطابق اِس میٹنگ میں سرحدی انتظامات کو مستحکم بنانے اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام پر مزید نظر رکھے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ میٹنگ میں سرحدی علاقوں کے پاس غیر قانونی Migration، غیر قانونی تعمیرات، جعلی بھارتی کرنسی، ناجائز قبضے اور غیر قانونی روپے پیسے کی آمد جیسے مسائل کو حل کرنے کیلئے، ایجنسیوں کے مابین مربوط کارروائی پر بھی زور دیا گیا۔
وزیر داخلہ نے خاص طور پر جنگلات اور غیر آباد علاقوں میں، غیر قانونی تعمیرات کو ہرگز برداشت نہ کرنے کی پالیسی کو سختی سے لاگو کرنے کی ہدایت دی اور غیر آباد زمین کی نشاندہی کرکے قبضوں کو فوری طور سے ہٹانے کا حکم دیا۔x

CBI Excise Case

تحقیقات کے مرکزی بیورو CBI نے، عام آدمی پارٹی کے قومی کنویز اروند کیجریوال، پارٹی لیڈر منیش سسودیا اور دیگر کو، شراب سے متعلق دِلی پالیسی کے کیس میں، بری کیے جانے کو چیلنج کرتے ہوئے دلی ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے۔ یہ قدم ایک نچلی عدالت کی طرف سے بری کرنے کا حکم دیے جانے کے چند گھنٹے بعد اٹھایا گیا ہے۔
CBI نے بتایا کہ نچلی عدالت نے اپنے حکم میں تفتیش کے بہت سے اہم پہلوؤں کو نظر انداز کیا ہے اور فراہم کیے گئے مواد پر پوری طرح غوروخوض نہیں کیا گیا۔

شراب سے متعلق یہ پالیسی دلی سرکار نے 2021 میں تشکیل دی تھی، جسے بعد میں بدعنوانی کے الزامات کے بعد واپس لے لیا گیا تھا۔x

WB Voter List

انتخابی کمیشن، سپریم کورٹ کے حکم کے بعد آج مغربی بنگال کی، نامکمل حتمی ووٹر فہرست جاری کرے گا۔ اِس فہرست میں اُن ووٹروں کے نام بھی شامل ہیں، جن کی دستاویزات کی تصدیق، سپریم کورٹ کے حکم پر خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی کے عمل میں، عدلیہ کی مداخلت سے کی گئی ہے۔ فہرست کے مسودے میں سات کروڑ آٹھ لاکھ ووٹروں کے نام ہیں جو حتمی فہرست میں بھی شامل ہوں گے۔ البتہ اِس فہرست کو دو زمروں میں تقسیم کیا جائے گا۔

ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر منوج کمار اگروال نے کہا کہ اِس فہرست کو آج دوپہر تک آن لائن اپ لوڈ کردیا جائے گا۔ اِس فہرست کو انتخابی کمیشن کی ویب سائٹ، اعلیٰ انتخابی افسر کی ویب سائٹ اور ECI Net app. پر دیکھا جا سکتا ہے۔ اِس فہرت کی نقلیں سبھی تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کو بھی بھیجی جائیں گی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Afghan Pak Conflict

افغانستان نے کہا ہے کہ وہ پاکستان کے ساتھ جاری تنازعے کو، مذاکرات اور سیاسی ذرائع سے حل کرنا چاہتا ہے۔ افغانستان کے وزیر خارجہ امیر خان متقی نے سعودی عرب کے اپنے ہم منصب ولیعہد فیصل بن فرحان السعود کے ساتھ ٹیلی فون پر، افغانستان اور پاکستان کے درمیان حالیہ واقعات پر تبادلۂ خیال کیا۔

افغان وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سعودی عرب نے تنازعات کو مذاکرات اور سیاسی ذرائع سے حل کرنے کے اُس کے موقف کا خیر مقدم کیا ہے۔ سعودی عرب نے کشیدگی کو کم کرنے اور استحکام پیدا کرنے کیلئے کیے جانے والے اقدامات میں مدد دینے کی کوششیں جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔x

Summit Reactions Service Sectors

مصنوعی ذہانت، جدید ترین ڈیٹا تجزیے کے ذریعے صارفین کے تجربے اور آپریشنس کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ فیصلہ سازی میں بہتری لاتے ہوئے خدمات کے شعبے میں بدلاؤ لانے والا رول ادا کررہی ہے۔ حال ہی میں اختتام پذیر انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 نے اِس بات کو نمایاں کیا کہ کس طرح مصنوعی ذہانت، AI، ضیافت، صحت دیکھ بھال، ریٹیل، بینکنگ اور لوجسٹکس جیسے خدمات کے شعبوں کو تیزی سے نئی شکل دے رہی ہے۔

سمٹ کے دوران، آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے رائٹ لیفٹ AI کے بانی اور چیف ٹیکنالوجی افسر پرشانت مالوی نے بتایا کہ اُن کی کمپنی معزور افراد کیلئے خصوصی طور پر ڈیزائن کیے گئے AI پر مبنی مواصلاتی پلیٹ فارم ڈیویلپ کررہی ہے۔

SB - Prashant Malvi

Mumbai Shaheedi Diwas

شری گرو تیغ بہادر جی کی 350 ویں برسی کے موقعے پر لاکھوں عقیدتمند آج اُن کے شہیدی دِوس پر نوی ممبئ کے کھارگر میں واقع Ove میدان میں منعقد ہونے والی تقریب میں شرکت کریں گے۔ کونکن ڈویژنل کمشنر کے دفتر، نوی ممبئ، پنویل کے بلدیاتی اداروں، رائے گڑھ ضلع انتظامیہ اور پولیس سمیت انتظام کرنے والے حکام نے اِس دو روزہ مذہبی اجتماع کیلئے وسیع تر انتظامات کیے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

VC - Nivedia

نوی ممبئ میں آج اور کل سب سے بڑے مذہبی اجتماعات میں سے ایک، ہند-دی-چادر کا انعقاد ہونے والا ہے۔ اِس عظیم الشان تقریب میں لگ بھگ 20 لاکھ عقیدتمندوں کی شرکت کا امکان ہے۔ تقریب کے مقام تک آمدورفت کیلئے پورے ممبئ میٹرو پولیٹن خطے میں ایک ہزار سے زیادہ بسیں چلائی جائیں گی۔ عقیدتمندوں کی بڑی تعداد کیلئے 120 ایکڑ رقبے پر وسیع و عریض شامیانہ لگایا گیا ہے۔ امید ہے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ بذاتِ خود تقریب میں شرکت کریں گے، جبکہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ورچوئل وسیلے سے تقریب میں شامل ہونے کی امید ہے۔

نوی ممبئ سے Nivedia کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..................

Trump Cuba

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کی جانب سے کیوبا کے ایندھن پر عائد بندش کے دوران، کیوبا پر دوستانہ انداز میں کنٹرول حاصل کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ وہائٹ ہاؤس کے باہر نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ، دوستانہ شرطوں پر کیوبا کا کنٹرول حاصل کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو، نہایت اعلیٰ سطح پر اِس بارے میں کیوبا کے لیڈروں سے تبادلۂ خیال کررہے ہیں۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ کیوبا سنگین معاشی صورتحال کا شکار ہے، کیونکہ ٹرمپ انتظامیہ، ایندھن پر عائد سخت بندش کے ذریعے ہوانا کی کمیونسٹ حکومت پر دباؤ بڑھا رہی ہے۔ کیوبا کے صدر Miguel Diaz-Canel نے کہا ہے کہ اُن کا ملک، امریکہ کے ساتھ کسی بھی موضوع پر بات چیت کیلئے تیار ہے۔ تاہم انہوں نے کسی دباؤ کے تحت بات چیت کی تجویز کو سختی سے مسترد کردیا۔×

Must Announcement Praki Baat

آکاشوانی نیوز نے ''پرکرتی کی بات، آکاشوانی کے ساتھ'' کے نام سے نئی سیریز شروع کی ہے۔ سیریز کی دوسری قسط میں آکاشوانی نیوز نے پدم بھوشن انل پرکاش جوشی سے بات چیت کی۔ بات چیت کے دوران، انہوں نے مٹی کے تحفظ، ماحولیاتی توازن، طرزِ زندگی اور ماحولیات کے درمیان تعلق پر تبادلۂ خیال کیا۔

اِس پوڈکاسٹ کو آج شام 5 بج کر 10 منٹ پر سو اعشاریہ ایک پر آکاشوانی گولڈ پر سنا جاسکتا ہے۔ وہیں، یہ نشریہ NewsonAir ایپ اور NewsonAirOfficial یوٹیوب چینل پر بھی سنا جاسکتا ہے۔×

NCONF National Seminar

آرگینک اور قدرتی کاشت کے قومی مرکز NCONF کے ڈائریکٹر ڈاکٹر گنیش شرما نے کہا ہے کہ حکومت کا مقصد، کیمیاوی مادوں پر انحصار کو رفتہ رفتہ کم کرنا اور مستقل و سائنس پر مبنی زرعی طور طریقوں کی طرف بڑھنا ہے۔ ڈاکٹر شرما نے یہ بات کل غازی آباد میں NCONF میں قدرتی کاشت سے متعلق ایک دو روزہ قومی سیمنار و نمائش سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

انھوں نے کہا کہ قدرتی کاشت ایک کلیدی مشن ہے اور سیمنار کے دوران جو تبادلہ خیال کیا گیا اُس سے سرٹیفکیشن، فصل کے بعد کے بندوبست، مارکیٹ رابطوں اور قدرتی کاشت کو ملک گیر سطح پر لے جانے میں درپیش چیلنجوں سے نمٹنے میں متعلقہ فریقوں کو مدد ملے گی۔

S/B Ganesh Sharma GNR Mail

NCONF، زراعت اور کسانوں کی بہبود کے محکمے کا ایک ذیلی دفتر ہے، جو اِس قومی سیمنار اور نمائش کا اہتمام کر رہا ہے۔

سیمنار میں کسان، ماہرین اور پالیسی ساز شخصیتیں، ملک بھر میں قدرتی کاشت کو فروغ دینے کے مقصد سے یکجا ہوں گی۔ x

ICC T20 World Cup

مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں، کل رات کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے، گروپ دو کے ایک Super 8 میچ میں انگلینڈ نے نیو زیلینڈ کو 4 وکٹ سے ہرا دیا۔ جیت کے لئے نیو زیلینڈ کی طرف سے دیے گئے 160 رن کے نشانے کو انگلینڈ کی ٹیم نے 19 اوورس اور تین گیندوں میں 6 وکٹ کے نقصان پر 161 رن بنا کر حاصل کرلیا۔

اس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے نیو زیلینڈ کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ کے نقصان پر 159 رن بنائے تھے۔

آج سری لنکا کے Pallekele بین الاقوامی اسٹیڈیم میں گروپ دو کے ایک Super 8 میچ میں پاکستان کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔ مقامی وقت کے مطابق میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، کیرالم اور ماہے میں آج مختلف مقامات پر بجلی کی گرج چمک کے ساتھ درمیانی درجے کی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں بھی کل تک تیز ہواؤں اور بجلی کی گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا کہ تین اور چار مارچ کو جموں و کشمیر میں ہلکی بارش ہوسکتی ہے۔

اِس دوران، بھارتی محکمۂ موسمیات نے گجرات کے مختلف علاقوں میں چار اور پانچ مارچ کو گرم اور حبس بھرے موسمی حالات کی پیش گوئی کی ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ ۔ضمیر

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخباروں نے مبینہ شراب گھوٹالے معاملے میں دلّی کے سابق وزیر اعلیٰ اروِند کیجریوال، سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا سمیت 23 ملزمان کو بری کیے جانے سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ دلّی کی راؤز ایوینیو عدالت نے کل یہ فیصلہ سنایا۔ CBI نے فیصلے کے خلاف ہائی کورٹ سے رجوع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر اعظم نریندر مودی کے آج راجستھان اور گجرات کے دورے پر روانہ ہونے کی خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ وہ اِن دونوں ریاستوں میں مختلف اسکیموں اور ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل جسلمیر ایئرفورس اسٹیشن سے دیسی ساخت کے ہلکے جنگی ہیلی کاپٹر پرچنڈ میں پرواز کرکے تاریخ رقم کی۔ اِس خبر کو بھی پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے ذریعے مغربی بنگال میں 2 مارچ کو پریورتن یاترا کے آغاز کی خبر پر توجہ مرکوز کی ہے۔ اِسی اخبار نے چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار کے حوالے سے خبر دی ہے کہ تمل ناڈو اسمبلی انتخابات ایک ہی مرحلے میں کرائے جانے پر غور کیا جارہا ہے، جس کے بارے میں حتمی فیصلہ انتخابی شیڈیول کے اعلان کے وقت سامنے آئے گا۔

جبکہ روزنامہ انقلاب نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان، تصادم کا سلسلہ جاری رہنے اور فریقین کی جانب سے ایک دوسرے کی تنصیبات پر حملوں کے دعوے کی خبر کو اجاگر کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج راجستھان کے شہر اجمیر سے، 14 سال تک کی عمر کی لڑکیوں کیلئے، ملک گیر HPV ویکسینیشن پروگرام کا آغاز کریں گے۔

2- وزیراعظم آج دوپہر گجرات میں سانند کے مقام پر مائیکرون ٹیکنالوجی کی سیمی کنڈکٹر اسمبلنگ، جانچ اور پیکیجنگ فیکٹری کا بھی افتتاح کریں گے۔

3- CBI نے دلی شراب پالیسی کیس میں، عام آدمی پارٹی کے رہنماؤں اروند کیجروال، منیش سسودیا اور دیگر کے، بری کیے جانے کو چیلنج کرتے ہوئے دلی ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے۔

4- انتخابی کمیشن، سپریم کورٹ کے حکم کے بعد آج مغربی بنگال کی نامکمل حتمی ووٹر فہرست جاری کرے گا۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، ایندھن پر بندش کے دوران کیوبا کا، دوستانہ انداز میں کنٹرول حاصل کرنے کی تجویز رکھی ہے۔

6- اور : کرکٹ میں کولمبو میں ICC مردوں کے ٹی۔ٹوئنٹی عالمی کپ کے Super 8 میچ میں انگلینڈ نے نیو زیلینڈ کو چار وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---